


متاثرہ فرد کی شناخت
این جی او
عقیدہ پر مبنی گروپ

# ہم کیا کرسکتے ہیں؟

برده فروشی سے متاثرہ افراد کی شناخت کرنا اور اس کے مشتبہ معاملات کی اطلاع دینا

BLUE CAMPAIGN
One Voice. One Mission. End Human Trafficking.™

## آپ کیا کرسکتے ہیں؟

1. **علامات کو جانیں:** ہمارے انڈیکیٹرزکارڈ طلب کریں، جو 17 زبانوں میں دستیاب باسہولت والٹ کی جسامت کے کارڈز ہیں جن میں کلیدی علامات درج ہیں۔ آپ اپنے مقامی علاقے میں ان کارڈوں کو ایسے لوگوں میں تقسیم کرسکتے ہیں جو متاثرین کے رابطے میں آسکتے ہیں۔ مزید معلومات اس پتے پر حاصل کریں:*www.dhs.gov/bluecampaign*

2. بردہ فروشی (ہیومن ٹریفکنگ) کی اطلاع دینے کے لیے مفید نکات

بردہ فروشی کی مشتبہ سرگرمی کی اطلاع دینے یا وفاقی نفاذ قانون سے متعلق ایجنسیوں کی مدد حاصل کرنے کے لیے**1-866-347-2423** پر کال کریں یا کوئی سراغ آن لائن اس پتے پر بھیجیں**www.ice.gov/tips**

پوری دنیا کے افراد ہوم لینڈ سیکیورٹی انویسٹی گیشنز (HSI) ٹِپ لائن (Tipline) کے پاس مشتبہ مجرمانہ سرگرمی کی اطلاع روزانہ 24 گھنٹے، ہفتے کے 7 دن، سال کے سبھی دنوں میں جمع کروا سکتے ہیں۔ ٹِپ لائن تک بین الاقوامی طور پر رسائی **802-872-6199** پر کال کرکے حاصل کی جاسکتی ہے۔ اعلی تربیت یافتہ اسپیشلسٹس عوام اور قانون نافذ کرنے والی ایجنسیوں سے HIS کے ذریعہ نافذ کیے گئے 400 سے زیادہ قوانین سے متعلق اطلاعات لیتے ہیں جن میں بردہ فروشی سے متعلق معلومات بھی شامل ہیں۔

نیشنل ہیومن ٹریفکنگ ریسورس سنٹر **(NHTRC)** کو درج ذیل کے لیے **1-888-373-7888** پر کال کریں:

- اپنے علاقے میں مدد حاصل کرنے اور خدمت فراہم کنندہ سے رابطہ کرنے کے لیے؛
- بردہ فروشی کی امکانی سرگرمی پر معلومات کی فراہمی کے لیے؛ یا
- تربیت، تکنیکی اعانت، یا وسائل کی درخواست کرکے مزید معلومات حاصل کرنے کے لیے۔

NHTRC ایک قومی، ٹول فری ہاٹ لائن ہے جو 24 گھنٹے ملک میں کہیں سے بھی کالوں کا جواب دینے کے لیے دستیاب ہے اور اسے ایک غیر سرکاری تنظیم کے ذریعہ چلایا جاتا ہے۔

3. خود کو اور اپنی کمیونٹی کو واقفیت فراہم کریں۔ بردہ فروشی اور ایسے دیگر اشاریوں ،جن سے آپ کو آگاہ ہونا چاہیے، کے بارے میں مزید جاننے کے لیے ہماری مفت، باہم متعامل آن لائن تربیت میں شرکت کریں، اور اپنے دیگر شناسا لوگوں کو تربیت حاصل کرنے کے لیے کہیں۔ اس پتے پر جائیں: .*www.dhs.gov/bluecampaign*

4. اس بات کو مشتہر کریں**!** اپنے رفقائے کار کو Blue Campaign ، ہمارے ذریعہ پیش کردہ متعدد دستیاب پروگراموں اور اس کے استعمال کے طریقوں کے بارے میں بتائیں اور اپنے خاندان اور اس سے دلچسپی رکھنے والے دیگر افراد کو بھی بتائیں۔ یہ اس پتے پر دستیاب ہے:.*www.dhs.gov/bluecampaign*

5. **Blue Campaign** کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔ مزید تربیت، آؤٹ ریچ سے متعلق مواد، متاثرہ فرد کی مدد کے لیے مواد، اور اس بارے میں معلومات کے لیے کہ آپ کس طرح بردہ فروشی کے خاتمے کی جنگ میں شرکت کرسکتے ہیں اس پتے پر جائیں: .*www.dhs.gov/bluecampaign* ہمیں فیس بُک پر"Like" کریں: *www.facebook.com/bluecampaign* یا، ہم سے اس پتے پر رابطہ کریں:*BlueCampaign@hq.dhs.gov*

# آپ کیا کرسکتے ہیں؟

## بردہ فروشی کے شکار افراد کی شناخت کرنا اور اس کے مشتبہ معاملات کی اطلاع دینا

## متاثرہ فرد عام نظر آسکتا ہے

اساتذہ، نرسیں، سوشل ورکرز، مذہبی پیشوا، اور غیر سرکاری تنظیمیں (NGOs) برادری کے رکن ہوتے ہیں اور بردہ فروشی کے شکار افراد سے ان کی ملاقات ہونے — ان کے ذریعہ ان کی شناخت اور مدد کیے جانے— کا امکان ہوتا ہے۔ آپ کو بردہ فروشی کی علامات اور اشاریوں کے بارے میں معلومات حاصل کرنی چاہیئں۔ یہ متاثرین کی شناخت کرنے اور بردہ فروشوں کو انصاف کے کٹہرے میں کھڑا کرنے کی جانب پہلا قدم ہوسکتا ہے، جس سے آپ کو اپنی برادری کو محفوظ رکھنے میں مدد مل سکتی ہے۔

## بردہ فروشی کے شکار افراد ہماری برادریوں میں ہوتے ہیں

## یہ افراد کسی بھی عمر، نسل، جنس یا قومیت کے ہو سکتے ہیں جس میں امریکی شہری بھی شامل ہیں

ان کی امیگریشن کی حیثیت قانونی ہوبھی سکتی ہے اور نہیں بھی۔ متاثرہ افراد قانونی اور غیر قانونی دونوں طرح کے مزدوری والے شعبوں میں ہوسکتے ہیں؛ کچھ لوگوں کو اچھی تنخواہ والی ملازمت کا جھانسہ دیا جاتا ہے، یہاں تک کہ محبت کے جال میں بھی پھنسایا جاتا ہے۔ ایسے افراد عبادت کے مقامات، اسکولوں، گھروں، ہوٹلوں، ریستورانوں، تعمیری سائٹوں، فارموں، بس اور ریلوے اسٹیشنوں، ایرپورٹس، محلے کے پارکوں، ٹرک اسٹاپس اور ہائی وے پر آرام کرنے والے مقامات؛ یا پھر مساج پارلرز، بار اور اسٹرپ کلبوں میں ہو سکتے ہیں۔ اکثر، انہیں جبری طور پر یا زبردستی گھریلو غلام، فارم یا فیکٹری کا مزدور بنالیا جاتا ہے، یا دیگر قسم کی جبری مزدوری، یا جسم فروشی (طوائف بنانا) کروائی جاتی ہے۔ وفاقی قانون کے تحت، ہر نابالغ فرد جسے جسم فروشی کی طرف مائل کیا گیا ہو وہ بردہ فروشی کا/کی شکار ہے۔

## بردہ فروش کیسے کام کرتے ہیں

بردہ فروش ایسے لوگوں کا شکار کرتے ہیں جنہیں معمولی یا بالکل بھی سماجی تحفظ حاصل نہیں ہوتا۔ وہ ایسے لوگوں کی تلاش میں رہتے ہیں جو مختلف قسم کی وجوہات کی بنا پر زد پذیر ہوتے ہیں، جن میں مالی تنگ دستی، گھر پر تشدد، قدرتی آفات، یا سیاسی عدم استحکام شامل ہے۔ بردہ فروش لوگوں کو پھنسانے اور قابو میں کرنے کے لیے متعدد طرح کی حکمت عملیاں استعمال کرتے ہیں، جن میں نہ صرف تشدد یا تشدد کی دھمکیاں، بلکہ نفسیاتی دباؤ بھی شامل ہوتا ہے۔ یہ ذہنی صدمہ اس قدر شدید ہوسکتا ہے کہ بہت سے لوگ خود کو متاثر نہیں مانتے یا یہاں تک کہ انتہائی عوامی مقامات پربھی مدد طلب نہیں کرتے۔

بردہ فروش اکثر درج ذیل طریقوں سے کام کرتے ہیں:

- تشدد کا استعمال یا اس فرد یا اس کے اہل خاندان کو دھمکی دے کر؛
- اس فرد کو بنیادی ضروریات، جیسے کہ کھانا، پانی، یا نیند سے محروم رکھ کر یا اس کو نقصان پہنچا کر؛
- محبت یا ساتھ نبھانے کے جھوٹے وعدے کرکے؛
- اچھی ملازمت اور گھر دلانے کے جھوٹے وعدے کرکے؛
- متاثرہ فرد کو مذہبی عبادات میں ہونے سے روک کر؛
- دوستوں یا خاندان والوں سے رابطہ پر پابندی لگا کر؛
- آزادانہ نقل و حرکت کو محدود کرکے؛
- اس فرد کی شناختی دستاویزت کو قبضے میں لے کر؛
- ملک بدر کیے جانے یا نفاذ قانون سے متعلق کارروائی کی دھمکی دے کر؛ اور/ یا
- مبینہ قرضوں کی ادائیگی کے لیے اس فرد کی تنخواہ میں کٹوتی کرکے۔

BLUE CAMPAIGN
One Voice. One Mission. End Human Trafficking.™

## بردہ فروشی کی علامات

متاثرین کی شناخت کرکے اور سراغ کی اطلاع دے کر، آپ نفاذ قانون سے متعلق ایجنسیوں کو متاثرین کو محفوظ رکھنے میں مدد کی اپنی ذ،مہ داری ادا کرتے ہیں، اور ہو سکتا ہے آپ ایک زندگی بچا لیں۔ آپ متاثرہ فرد کو طبی اور دماغی صحت کی نگہداشت، پناہ، ملازمت سے متعلق تربیت، اور قانونی مدد جیسی خدمات سے منسلک کر سکتے ہیں جو ان کی آزادی اور وقار کو بحال کرسکتی ہیں۔ آپ کا تحفظ نیز متاثرہ فرد کا تحفظ سب سے زیادہ اہم ہے۔ کبھی بھی کسی مشتبہ بردہ فروش سے براہ راست الجھنے یا نمٹنے یا پھر کسی متاثرہ فرد کو اپنے شبہات سے آگاہ کرکے ہوشیار کرنےکی کوشش نہ کریں۔ کسی بھی اشاریہ کی موجودگی یا غیر موجودگی یقینی طور پر بردہ فروشی کاثبوت نہیں ہے۔ یہ نفاذ قانون سے متعلق ایجنسیوں کی ذمہ داری ہے کہ وہ بردہ فروشی سے متعلق مشتبہ معاملات کی تفتیش کرے۔

- کیا وہ فرد خاندان، دوستوں، معاشرتی تنظیموں، یا عبادت گاہوں سے الگ تھلگ نظر آتا/ آتی ہے؟
- کیا بچے نے اسکول آنا بند کردیا ہے؟
- کیا اس فرد کے رویے میں اچانک یا ڈرامائی تبدیلی آئی ہے؟
- کیا کوئی نابالغ فرد جسم فروشی کے پیشے میں ہے؟
- کیا وہ فرد بدحواس، الجھن زدہ ہے، یا دماغی یا جسمانی بدسلوکی علامات کا مظاہرہ کر رہا / رہی ہے؟
- کیا اس فرد کے جسم پر ایسی خراشیں ہیں جو مختلف اوقات میں لگی ہوئی معلوم ہوتی ہیں؟
- کیا وہ فرد خوفزدہ، ڈرا ہوا/ ڈری ہوئی ہے اور کسی کا حکم بلا چوں و چرا مان رہا / رہی ہے؟
- کیا اس فرد میں ایسی علامات ہیں کہ اسے کھانا، پانی، سونے، یا طبی نگہداشت نہ دی گئی ہو؟
- کیا وہ فرد اکثر کسی ایسے شخص کے ساتھ ہوتا/ ہوتی ہے جو اس سے مختلف ہے؟ یا ایسا لگتا ہے کہ کوئی ایسا فرد ہے جو صورتحال پر قابو رکھے ہوئے ہے، جیسے کہ اسے کہاں جانا ہے یا کس سے بات کرنی ہے؟
- کیا ایسا لگتا ہے کہ اس فرد کو یہ بتایا جاتا ہے کہ اسے کیا کہنا ہے ؟
- کیا وہ فرد غیر موزوں حالات میں رہ رہا/ رہی ہے؟
- کیا اس فرد کے پاس ذاتی سازوسامان نہیں ہے اور ایسا لگتا ہے کہ اس کی رہائشی صورتحال مستحکم نہیں ہے؟
- کیا اس فرد کو نقل و حرکت کی آزادی ہے؟ کیا وہ فرد اس جگہ کو آزادی کے ساتھ چھوڑ سکتا/ سکتی ہے جہاں وہ رہتا / رہتی ہے؟ کیا وہاں پر نامناسب حد تک حفاظتی انتظامات ہیں؟